© rasailojaraid.com



# تبصرے

## صفائی اور زینت سے متعلق اسلامی تعلیمات و ہدایات

تالیف مولوی احمد حسین صاحب بھوانی پوری۔ سائز ۲۲×۱۸/۸ صفحات ۲۳۶ کاغذ کتابت اور طباعت متوسط۔ قیمت غیر مجلد بیس روپے۔ ناشر مدنی مکتبہ (مدرسہ اسلامیہ) ڈھاکہ، مشرقی چمپارن (بہار)

اسلام نے صفائی پاکیزگی اور طہارت پر جس قدر زور دیا ہے، اس کا عشر عشیر بھی دیگر مذہب کی تعلیمات میں نہیں ملتا۔ ایک وقت تھا کہ مسلمان گھرانوں کی خواتین بچوں کو کم عمری ہی سے پاک صاف رہنا اور نجاست و گندگی سے دور رہنا سکھاتی تھیں۔ اس کا نتیجہ تھا کہ بچوں کے ذہنوں میں عمر شعور و آگاہی آنے تک تصور طہارت پختہ ہو جاتا تھا، لیکن آج کے مسلم عوام کی حالت اس درجہ ناگفتہ بہ ہے کہ وہ عموماً پاکی و ناپاکی میں امتیاز ہی نہیں کر پاتے، یہاں تک کہ بیشتر نماز و روزہ کے عادی اصحاب بھی صفائی و طہارت کے اسلامی آداب سے کوسوں دور نظر آتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے مولوی احمد حسین صاحب کو، جنہوں نے صفائی اور زینت کے بارے میں قرآن و احادیث سے احکامات اخذ کر کے بہت اچھی ترتیب کے ساتھ یکجا کر دیا ہے۔ مؤلف کی محنت ہر طرح لائق ستائش ہے۔ ضرورت ہے کہ

© rasailojaraid.com